سب کے لئے مساوات اور امتیاز:

نیو یارک شہر سرکاری اسکولوں میں تنوع

NYC Department of Education

Office of the Mayor

Carmen Fariña
Chancellor

سب کے لئے مساوات اور امتیاز

نیو یارک شہر سرکاری اسکولوں میں تنوع

نیو یارک شہر محکمہ تعلیم ایسے تعلیمی ماحولوں کی معاونت کرنے کے لئے پرعزم ہے جو نیو یارک شہر کے تنوع کی عکاسی کرتے ہوں۔ ہمارا ماننا ہے کہ تمام طلباء و طالبات متنوع اور مشمولہ اسکولوں اور کمرہ ہائے جماعت سے مستفید ہوتے ہیں، جن میں تمام طلباء و طالبات، خاندانوں اور اسکول عملے کی معاونت اور ان کا خیرمقدم کیا جائے۔ یہ کاوش تمام NYC طلباء و طالبات کے لئے مساوات اور امتیاز کے ہمارے تصور کے لئے ضروری ہے۔

ہم سب طلباء و طالبات کے لئے مساوات اور امتیاز پر یقین رکھتے ہیں۔ جب کہ ہمارے اسکول ہمیشہ کہ طرح سے مضبوط ہیں، ہم جانتے ہیں کہ ہمارے نصب العین ابھی حقیقت کا روپ نہیں دھار سکا۔

عدم مساوات کا تدارک کرنے اور اپنے اسکول کے نظام میں تبدیلی لانے کا کام جاری ہے، سب کے لیے پری کنڈرگارٹن سے لیکر سب کے لئے کالج رسائی تک۔ سب کے لئے مساوات اور امتیاز کا ایجنڈا ہمارے اسکولوں کے معیار میں بہتری لا رہا ہے، اور ان کو طلباء و طالبات کی زیادہ وسیع سلسلے کے لئے زیادہ پرکشش بنا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، ہم نے خاندانوں کے لئے زیادہ اور بہتر معلومات دستیاب بنائی ہیں تاکہ وہ اسکول جس میں داخل ہونا چاہتے ہیں کے بارے میں باخبر انتخابات کر سکیں۔ سب کے لئے مساوات اور امتیاز کے ایجنڈے کے ذریعے، ہم نے زیادہ خاندانوں اور طلباء و طالبات کے لئے اسکول کے انتخاب کا وعدہ پورا کرنے کے لئے محنت کی ہے۔

تاہم، ہماری کاوشیں اسکول میں زیادہ تنوع پیدا کرنے والے مزید سماجی مباحثوں اور ٹھوس اقدامات کے بغیر نامکمل ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ تنوع کی کئی صورتیں ہیں – نسلی پس منظر، سماجی اور معاشی حیثیت، گھریلو زبان، آبائی ملک، امیگریشن کی حیثیت، قابلیت، خصوصی ضروریات، مذہب، جنس، جنس کا اظہار، جنسی سمت بندی، رہائشی حیثیت اور ثقافتی پس منظر اور تجربہ۔

ہم سمجھتے ہیں – اور تحقیق واضح کرتی ہے – کہ تمام طلباء و طالبات متنوع، مشمولہ اسکولوں اور کمرہ ہائے جماعت سے مستفید ہوتے ہیں۔ لیکن، فلحال، ہمارے سرکاری اسکول ہمارے شہر کے تنوع یا، کچھ صورتوں میں، ان کمیونٹیوں کے تنوع کی جس میں وہ آباد ہیں کی ہمیشہ عکاسی نہیں کرتے۔

ہم جانتے ہیں کہ نیو یارک شہر ملک میں سب سے بڑا اسکول نظام رکھتا ہے، جس میں 32 کمیونٹی اسکول اضلاع اور تقریبا 1,800 اسکول ہیں۔ ہمارے نظام میں، ایک سادہ ایک سائز سب کے لئے موزوں بیٹھتا ہے حل نہ تو حقیقت پسندانہ اور نہ ہی مرغوب ہے۔

اسی طرح، اپنے اسکولوں میں زیادہ متنوع بنانے کا کام اپنے تمام طلباء و طالبات کے لئے مساوی اور امتیازی تعلیم فراہم کرنے کے ہمارے ہدف کے لئے اتنا ہی پیچیدہ، مبارزت طلب اور اہم ہے۔

یہ منصوبہ بطور ایک شہر کے سرکاری اسکول نظام میں تنوع کو بڑھانے کی ہماری حکمت عملی کا آغاز ہے۔

ہماری حکمت عملی کیا ہے؟

جبکہ ہم یہ کام اکیلے یا ایک دن میں نہیں کر سکتے، ہم نے مقامی اور شہر بھر کی سطحوں میں کئی اقدامات اٹھا لیے ہیں۔ DOE نے شرکت کرنے والے اسکول میں نئی کلاسوں میں سماجی اور معاشی تنوع پیدا کرنے کے لئے داخلوں کے رہنماء منصوبوں میں تنوع شروع کیا ہے، دوہری زبان پروگراموں کی تعداد میں اضافہ کیا ہے جو شہر بھر کے انگریزی اور غیر آبائی زبانیں بولنے والوں کو اکٹھا کرتے ہیں اور بہت سارے اسکولوں میں معذوریوں کے حامل طلباء کے لئے رسائی میں اضافہ کیا ہے۔

یہ تنوع کا منصوبہ ہمارا اگلا قدم ہے۔

یہ DOE کے لئے اور ہمارے سب کے لئے مساوات اور امتیاز کے ایجنڈے کے لئے ترجیح کی صراحت کرتا ہے، معنی خیز اور قابل استحکام پیش رفت کی جانب اسکولوں اور کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا تصور پیش کرتا ہے اور اس میں کئی پالیسی میں تبدیلیاں شامل ہیں جو ہم اب کر سکتے ہیں اور لازمی کرنی چاہیے۔

اس دستاویز کے چار حصے ہیں:

1. ترجیحات اور اہداف کا تعین کرنا
2. جمع ہونا اور اشتراک کرنا
3. عمل کرنا
4. مطلع کرنا

1 ترجیحات اور اہداف کا تعین کرنا

جبکہ ہم ادراک رکھتے ہیں کہ اپنے اسکولوں کو زیادہ کرنے کا وسیع تر اور طویل مدتی کام معنی خیز سماجی مباحثے اور مکالمے کے ذریعے ہونا چاہیے، DOE کا پالیسی بیان اور اسکول تنوع کے لئے ابتدائی اہداف پیش کرنا بھی اہم ہے۔ یہ ایک اشتراکی لغت اور شہر بھر میں کمیونٹیوں کے علاوہ محققین اور پیشہ ور ماہرین کے ساتھ معنی خیز اور مفید مکالموں کو فروغ دے گا۔

اول، اس رپورٹ کو شروع کر کے، محکمہ اسکول تنوع پر بطور ایک ترجیح کے زور دے رہا ہے۔ یہ پالیسی بیان ہمارے عزم کی عکاسی کرتا ہے اور آگے کی جانب بڑھنے والے محکمہ کے طور پر ہمارے کام کی اطلاع دیتا ہے:

نیو یارک شہر محکمہ تعلیم ایسے تعلیمی ماحولوں کی معاونت کرنے کے لئے پرعزم ہے جو نیو یارک شہر کے تنوع کی عکاسی کرتے ہوں۔ ہمارا ماننا ہے کہ تمام طلباء و طالبات متنوع اور مشمولہ اسکولوں اور کمرہ ہائے جماعت سے مستفید ہوتے ہیں، جن میں تمام طلباء و طالبات، خاندانوں اور اسکول عملے کی معاونت اور ان کا خیرمقدم کیا جائے۔ یہ کاوش تمام NYC طلباء و طالبات کے لئے مساوات اور امتیاز کے ہمارے تصور کے لئے ضروری ہے۔

دوسری بات، ہم کئی ابتدائی اہداف کی تجویز دے رہے ہیں تاکہ کمیونٹی ان کا جائزہ لے، آگے بڑھنے میں ہماری مدد کرے اور اس کی بنیاد پر پیش کی جائے۔ جبکہ طویل مدتی اہداف ہمارے اشتراک عمل سے ترقی کریں گے، یہ اہداف ان بہت سارے طریقوں کا مظاہرہ کرتے ہیں جن سے ہم تنوع کی پیمائش کرتے ہیں، اور اپنے اسکولوں کو زیادہ متنوع بنانے کے لئے بطور ایک شہر ہماری پیش رفت کے لئے ایک اہم پیمانہ مہیا کرتے ہیں۔

ہمارے اہداف:

1. اگلے پانچ سالوں میں نسلی طور پر نمائندہ **اسکولوں میں طلباء و طالبات کی** تعداد میں 50,000 تک اضافہ کرنا؛
2. اگلے پانچ سالوں میں اقتصادی طور پر **منقسم اسکول کی تعداد میں 10٪** (150 اسکول) تک کمی کرنا؛ اور
3. مشمولہ اسکولوں کی تعداد **میں اضافہ کرنا** جو انگریزی زبان کے متعلمین اور معذوریوں کے حامل طلباء کو خدمات فراہم کرتے ہیں

نسلی طور پر نمائندہ

ہم نسلی طور پر نمائندہ کی کس طرح تعریف کرتے ہیں؟

اس حقیقت کے پیش نظر کہ شہر بھر میں سیاہ فام اور ہسپانوی بچے طلباء کی آبادی کے 70٪ حصے پر مشتمل ہیں، ہم کسی اسکول کو نسلی طور پر نمائندہ تصور کرتے ہیں اگر اس میں سیاہ فام اور ہسپانوی طلباء و طالبات مل کر طلباء آبادی کا کم از کم 50٪ فیصد ہوں، لیکن کسی طرح بھی طلباء آبادی کے 90٪ سے زائد نہ ہوں۔

اس وقت ہمارے 30.7٪ اسکول نسلی طور پر نمائندہ ہیں۔

معاشی طور پر منقسم

ہم معاشی طور پر منقسم کی تعریف کس طرح کرتے ہیں

ہم کسی اسکول کو معاشی طور پر منقسم تصور کرتے ہیں اگر اس کی معاشی ضرورت جیسا کہ معاشی ضرورت کے اشاریے کی بناء پر ناپی جاتی ہے[1] شہر بھر کی اوسط سے 10 فیصد پوائنٹس زیادہ ہو۔ ایک اسکول کسی بھی سمت میں منقسم ہو سکتا ہے – کم آمدنی والے زیادہ یا زیادہ آمدنی والے زیادہ بچوں کو خدمات فراہم کر کے۔

اس وقت ہمارے 70.6٪ اسکول معاشی طور پر منقسم ہیں۔

مشمولہ

ہم مشمولہ کی کس طرح تعریف کرتے ہیں؟

- ایسے اسکول جن میں گھر میں انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولنے والے طلباء و طالبات کی نمایاں اور نمائندہ تعداد کا خیر مقدم کیا جاتا اور ان کو مؤثر طور پر خدمات فراہم کی جاتی ہوں۔
- ایسے اسکول جن میں معذوریوں کے حامل طلباء کی نمایاں اور نمائندہ تعداد کا خیر مقدم کیا جاتا اور ان کو مؤثر طور پر خدمات فراہم کی جاتی ہوں۔[2]

2 جمع ہونا اور اشتراک کرنا

کمیونٹیوں کے علاوہ – مقامی اور قومی سطح پر قابل قدر محققین اور پیشہ ور ماہرین کے ساتھ اشتراک عمل شہر بھر اور ضلع سطح کے تنوع کے منصوبوں کا بنیاد محرک ہو گا۔

DOE سالانہ اپ ڈیٹس کے ساتھ اس کمیونٹی اشتراک عمل کو اگلے چار سالوں کے عرصے کے لئے پیش کر رہی ہے، اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ اس عمل کا نتیجہ چانسلر کے قواعد اور ہمارے اسکولوں اور خاندانوں کے لئے دیگر رہنماء وسائل میں پوشیدہ روایات اور پالیسی تبدیلیوں کی صورت میں ظاہر ہو گا۔

اول، ہم ایک اسکول تنوع مشاورتی گروپ تشکیل دے رہے ہیں جو شہر بھر میں پالیسیوں اور روایات جیسا کہ داخلوں اور پروگرام منصوبہ بندی سے نمٹے گا۔

- قومی تنظیم برائے ترقی سیاہ فام افراد (NAACP) ریاست نیو یارک کانفرنس کے صدر ہیزل ڈیوکس، Hispanic Federation کے صدر ہوزے کالڈرون اور شہری شکایت جائزہ بورڈ کی چیئرپرسن اور New School میں شہری پالیسی اور انتظام کی پروفیسر مایا ویلی اسکول تنوع مشاورتی گروپ کے شریک چیئرپرسن ہوں گے۔ مشاورتی گروپ میں شہری حکومت کے سٹیک ہولڈر، اسکول تنوع کے بارے میں مقامی اور قومی ماہرین، والدین، وکلاء، طلباء و طالبات اور دیگر کمیونٹی قائدین شامل ہوں گے۔

1 کسی اسکول کی معاشی ضرورت کی صراحت اس کے معاشی ضرورت کے اشاریے (ENI) کے لحاظ سے کی جاتی ہے، جو اسکول میں طلباء و طالبات کے غریب ہونے کے امکان کا تعین کرتا ہے۔ ENI درج ذیل طریقے سے حساب لگایا جاتا ہے: اگر کوئی طالب علم HRA-اہل ہے یا عارضی رہائش میں رہتا ہے، اس طالب علم کی معاشی ضرورت کی قدر 1.0 ہے۔ ہائی اسکول کے طلباء و طالبات کے لئے، اگر طالب علم کی گھریلو زبان انگریزی کے علاوہ ہے اور گزشتہ چار سالوں میں وہ پہلی مرتبہ NYC DOE میں داخل ہوا ہے، تو اس طالب علم کی ENI قدر 1.0 ہے۔ بصورت دیگر، طالب علم کی معاشی ضرورت کی قدر طلباء کی مردم شماری میں ان خاندانوں (اسکول جانے والی عمر کے بچوں کے ساتھ) کی شرح فیصد پر مبنی ہوتی ہے جن کی آمدنی غربت کی سطح سے نیچے ہو، جیسا کہ امریکی کمیونٹی سروے -5سالہ تخمینے میں تخمینہ لگایا گیا ہے۔ طالب علم کی معاشی ضرورت کی قدر اس شرح فیصد کی اعشاری قدر کے برابر ہوتی ہے (مثلا، اگر مردم شماری میں 62٪ فیصد خاندانوں کی آمدنی غربت کی سطح سے نیچے ہے، تو طالب علم کی معاشی ضرورت کی قدر 0.62 ہے)۔ اسکول کا معاشی ضرورت کا اشاریہ اس کے طلباء و طالبات کی معاشی ضرورت کی قدروں کا اوسط ہوتا ہے۔

2 شرح جو ہائی اسکول کے لئے برو کی آبادی اور مڈل اسکول کے لئے ضلع کی آبادی کے مساوی ہو۔

- اگلے سال کے لئے، اسکول تنوع مشاورتی گروپ کو اس رپورٹ میں وضع کردہ ابتدائی اہداف اور پالیسیوں کا جائزہ لینے، ان میں ردوبدل کرنے یا اضافی اقدامات پیش کرنے کا کام سونپا جائے گا۔
- اپنے تحقیقی نتائج کی بنیاد پر – بطور خاص ان مقاصد کے حوالے سے جو ہم نے نسلی نمائندگی، معاشی تقسیم اور مشمولیت کے لئے متعین کیے ہیں – اسکول تنوع مشاورتی گروپ جون 2018 تک میئر اور چانسلر کو شہر بھر کی پالیسی اور روایت کے حوالے سے باضابطہ سفارشات پیش کرے گا۔
- اسکول تنوع مشاورتی گروپ کو DOE کے اندر اس کام کے لئے طویل مدتی انتظامی ڈھانچے کے لئے سفارشات مرتب کرنے کا کام بھی سونپا جائے گا۔

دوئم، اس موسم خزاں سے شروع کرتے ہوئے، DOE کئی اضلاع میں کمیونٹی سٹیک ہولڈر مشغولیت کے عمل شروع کرے گا جو پہلے سے اسکول تنوع کو فروغ دینے کے بارے میں مکالموں میں مشغول رہے ہیں۔

- DOE ہر اسکول کمیونٹی کے لئے ضلع سے مخصوص تنوع کا منصوبہ تیار کرنے کے لئے اسکول قائدین، اور والدین، کمیونٹی اور منتخب شدہ قائدین کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔
- اس عمل میں DOE تکنیکی مشیر کے طور پر کام کرے گا تاکہ سٹیک ہولڈروں کو منصوبہ تیار کرنے اور اس پر عملدرآمد کرنے کے لئے درکار وسائل اور مہارت تک رسائی کرنے میں مدد دی جائے۔
- اضلاع کی مختلف نوع کے عوامل کی بنیاد پر ترجیح کی درجہ بندی کی جائے گی جن میں تنوع کے اقدام کی ضرورت، طلب اور گنجائش شامل ہیں۔
- کئی عملی اور ضلعی سطح کی کوششیں پہلے سے جاری ہیں۔ کچھ (خاص طور پر اضلاع 1 اور 13) نے اپنے تنوع کے منصوبوں کی جانب نمایاں پیش رفت کی ہے۔ ہم اس کام کو دونوں اسکول تنوع مشاورتی گروپ اور کمیونٹی سٹیک ہولڈر عمل کے حصے کے طور پر دیکھیں گے اور ان کمیونٹیوں کو زیادہ باضابطہ معاونت اور رہنمائی فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔

DOE کا حکمت عملی اور پالیسی کا شعبہ، خاندان اور کمیونٹی مشغولیت شعبہ کی معاونت سے، اسکول تنوع مشاورتی گروپ اور ضلع پر مبنی منصوبہ بندی کی کوششوں کے لئے بنیادی تکنیکی مشیر اور اندرونی معاونت کے طور پر کام کرے گا۔

3 عمل کرنا

ہم نے اپنے اسکولوں کو زیادہ متنوع اور اپنے شہر اور اپنی کمیونٹیوں کا نمائندہ بنانے کے لئے پہلے سے اقدامات اٹھانا شروع کر دیے ہیں، جیسا کہ مزید نیچے بیان کیا گیا ہے۔ ان کا ہزاروں طلباء و طالبات اور خاندانوں کے لئے نمایاں – اور فوری اثر ہو گا۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ مشاورتی گروپ کا کام ان کوششوں کی بنیاد پر ہو گا اور اس کے بدلے میں ان کوششوں کو آگے لے جانے پر اثرانداز ہو گا۔

یہ ابتدائی اقدامات زیادہ تنوع اور مساوات پیدا کرنے کے ہدف کے ساتھ زیادہ تر داخلوں کی بنیادی روایات کو نشانہ بناتے ہیں۔ اتنا ہی اہم ہے کہ ہم زیادہ مشمولہ اور خیرمقدمی اسکول ماحول پیدا کرنے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں۔ جیسے جیسے داخلوں کی یہ اصلاحات نافذ ہوتی ہیں، ان تبدیلیوں سے مستفید ہونے والے طلباء و طالبات کا تمام اسکولوں میں خیرمقدم کیا جائے گا اور ان جہاں بھی وہ پڑھنے کا انتخاب کریں کے حوالے سے بااختیار بنایا جائے گا۔

اسکول تنوع میں مشکلات پیدا کرنے والی پالیسیوں اور روایات کا تدارک کرنے کے لئے نیچے بارہ تجاویز دی گئی ہیں۔ ان پر کام پہلے سے جاری ہے اور ہر ایک کے لئے ایک نظام الاوقات متعین ہے۔

1. ہائی اسکول داخلہ کے طریقے کے طور پر "محدود بغیر چھان بین" کو ختم کر کے اس کو ایسے داخلوں کے طریقوں سے بدلا جائے جو زیادہ تنوع کو فروغ دیں۔

محدود بغیر چھان بین ہائی اسکول پروگرام ان طلباء و طالبات کو داخلوں میں ترجیح دیتے ہیں جو کسی اسکول کی معلوماتی نشست، اوپن ہاؤس تقریب یا ہائی اسکول میلے میں اسکول کے سٹال کا دورہ کرتے ہوئے اسکول میں دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ موسم خزان 2017 داخلوں کے لئے، داخلوں کا یہ طریقہ استعمال کرنے والے 245 ہائی اسکول پروگرام اور 94 مڈل اسکول پروگرام ہیں۔

نیو یارک شہر کے اسکولوں میں درخواست دینے والے خاندانوں کے لئے وقت اکثر غیر تسلیم رکاوٹ ہوتی ہے۔ NYC ہائی اسکول طریقہ کار کے تحقیقی مطالعے سے معلوم ہوا ہے کہ ہائی اسکول درخواست کے طریقہ کار کے لئے کم از کم 25 سے 72 گھنٹے وقت درکار ہوتا ہے۔ ایسے والدین کے لئے جو زیادہ گھنٹوں کے لئے کام کرتے یا کئی ملازمتیں کرتے ہیں یا جن کی نگہداشت کی اور ذمہ داریاں بھی ہوتی ہیں، ان کے لئے محدود بغیر چھان بین درخواست کے طریقہ کار کے لئے وقت نکالنا قابل عمل نہیں ہو گا۔

ہمارے زیادہ تر زیادہ ضروریات والے طلباء و طالبات دوسرے طلباء و طالبات کے مقابلے میں کم شرح کے ساتھ محدود بغیر چھان بین پروگراموں میں ترجیح حاصل کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ان طلباء و طالبات کا اعلی کارکردگی، اعلی طلب والے محدود غیر چھانٹی پروگراموں کے لئے ملاپ حاصل کرنے کا کم امکان ہے۔ داخلوں میں اس رکاوٹ کو ہٹانے سے مساوات کے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں، بطور خاص محدود وسائل اور وقت رکھنے والے خاندانوں کے لئے۔

نظام الاوقات: اس موسم گرما سے، DOE محدود بغیر چھان بین پروگراموں سے نکلنے کے منصوبے پر اشتراک عمل کے لئے سپریٹنڈنٹ، اسکول قائدین اور اسکول کمیونٹیوں کو مشغول کرے گا۔ ہم خزاں 2019 میں ہائی اسکول میں داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے لئے داخلوں کے عمل کے لئے اس تبدیلی کے عمل کو بروقت مکمل کریں گے۔

ہم داخلوں کے متبادل طریقوں کی نشاندہی کرنے کے لئے اسکولوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے، جن میں تعلیمی اختیار شامل ہے جو وسیع تعلیمی سلسلے سے طلباء و طالبات کو داخلہ دیکر تعلیمی تنوع کو فروغ دیتا ہے۔

2. تمام طلباء و طالبات، خاص طور پر اعلی ضروریات والے طلباء و طالبات کے لئے چھان بین والے اسکولوں تک رسائی میں اضافہ کرنے کے لئے حکمتِ عملیاں تیار کرنا

a۔ اظہار کردہ مڈل اسکول درجہ بندی کا خاتمہ کرنا

مڈل اسکول کی سطح پر، 25٪ پروگرام داخلوں کے معیارات، یا ایک "سکرین" استعمال کرتے ہوئے طلباء و طالبات کی درجہ بندی کرتے ہیں۔ ان چھان بین والے پروگراموں میں تقریبا نصف – وہ جو اضلاع 1، 2، 3، 4، 5، 13 اور 14 میں واقع ہیں – اظہار کردہ درجہ بندی کا استعمال کرتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ اسکول یہ دیکھ سکتے ہیں کہ اپنی مڈل اسکول کی درخواست میں کسی طالب علم نے ان کی کون سی درجہ بندی کی تھی۔

اظہار کردہ درجہ بندی کے ساتھ اضلاع میں کچھ چھان بین والے اسکول صرف ان طلباء و طالبات کا انتخاب کرتے ہیں جو ان کو اپنی درخواستوں میں پہلے یا دوسرے نمبر پر رکھتے ہیں۔ اظہار کردہ درجہ بندی کی موجودگی میں، درخواست کا طریقہ کار مصلحتی اور غیر مساوی بن سکتا ہے۔ خاندان عموما محفوظ پہلا اور دوسرا انتخاب کرتے ہیں؛ ایسے خاندان اور بچے جو زیادہ مسابقتی پروگرام میں درخواست دینا چاہتے ہیں لیکن ان کو یقین نہیں ہوتا کہ وہ داخل ہو پائیں گے یا نہیں اپنے پہلے انتخابات کو ضائع کرنے کے ڈر سے ہو سکتا ہے ایسا نہ کریں۔

تمام چھان بین والے مڈل اسکولوں کے لئے "پوشیدہ" درجہ بندی نافذ کرنے سے زیادہ مساوی طریقہ کار پیدا ہو گا اور قابل طلباء و طالبات کی زیادہ متنوع کلاسیں فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ شہر کے کمیونٹی اسکول اضلاع میں سے پچیس میں پہلے سے چھان بین والے مڈل اسکول نشستوں کے لئے پوشیدہ درجہ بندی رائج ہے۔

نظام الاوقات: اس موسم گرما سے، DOE موسم خزان 2019 میں مڈل اسکول میں داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے لئے داخلوں کے طریقہ کار کے لحاظ سے تمام چھان بین والے مڈل اسکول پروگراموں کے لئے پوشیدہ درجہ بندی نافذ کرنے کے منصوبے تیار کرنے کے لئے مہتممین اور اسکول قائدین کو مشغول کرے گا۔

b۔ معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات (SWD)، انگریزی زبان کے متعلمین (ELL) اور عارضی رہائش میں طلباء و طالبات (STH) کے لئے چھان بین والے ہائی اسکولوں اور مڈل اسکولوں تک رسائی میں اضافہ کرنا:

DOE کے **کامیابی کی جانب مشترکہ راستہ** کی پیش قدمی کے ذریعے، ہم نے اندراج کے طریقہ کار کو – 2012 سے – تبدیل کر دیا ہے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات کو اپنے غیر معذور ساتھیوں جیسے اسکولوں، پڑھائی اور اعلی توقعات تک رسائی حاصل ہو۔ اس کے نتیجے میں، گزشتہ پانچ سالوں کے دوران چھان بین والے ہائی اسکول پروگراموں میں پیشکشیں وصول کرنے والے SWD کی تعداد تین گنا سے زیادہ ہو گئی ہے۔

اگلا مرحلہ SWD اور ELL کے لئے ان پروگراموں میں رسائی میں اضافہ کرنا جاری رکھنا ہے۔

DOE **کامیابی کی جانب مشترکہ راستہ** پالیسی کے تحت سپریٹنڈنٹ اور اسکولوں کے ساتھ کام کرنا جاری رکھے گا، اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ چھان بین والے پروگرام اور اسکول ہائی اسکول کے لئے برو کی آبادی اور مڈل اسکول کے لئے ضلع کی آبادی کے مساوی شرح پر SWD کو قبول کرتے ہیں اور دفتر برائے خصوصی تعلیم ان طلباء و طالبات کو خدمات فراہم کرنے والی اسکولوں کی معاونت کرے گا۔ اس کاوش کے حصے کے طور پر، DOE ان 21 مڈل اسکولوں کی معاونت کرے گا جو اس وقت SWD کو داخلہ دینے کے لئے اہداف کا تعین کرنے اور ان کو پورا کرنے کے لئے اپنے داخلوں کے طریقہ کار کا انتظام کرتے ہیں۔ آخر میں، DOE مخصوص تعلیمی اور معاونتی ضروریات والے دیگر طلباء و طالبات بشمول SWD, ELL اور STH کو داخلہ دینے، درجہ بندی کرنے، خیرمقدم کرنے اور مدد دینے کے لئے مخصوص منصوبے تیار کرنے میں چھان بین والے اسکولوں کی معاونت کرنے کا عمل شروع کرے گا۔

نظام الاوقات: اس موسم خزاں سے، DOE رسائی کو بڑھانے کے ہدف کے تحت مڈل اور ہائی اسکولوں کو مشغول کرے گا۔ خزاں 2018 میں مڈل اور ہائی اسکول میں داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے لئے داخلوں کے طریقہ کار پر عملدرآمد شروع کرتے ہوئے۔

3. اسکول اختیارات اور درخواست دینے کے بارے میں جاننے کے لئے خاندانوں کے لئے رسمی طریقہ کار کو ہموار بنانا

a۔ مڈل اور ہائی اسکول داخلوں کے لئے آن لائن درخواستیں تیار کرنا

مڈل اور ہائی اسکول کے لئے نئی، آن لائن اور موبائل پر پڑھی جانے والی درخواستیں وقت اور وسائل کے بغیر خاندانوں کو موجودہ پیچیدہ کاغذی طریقہ سے بچنے میں مدد دیں گی۔ یہ 2014 میں شروع کردہ کنڈرگارٹن کنیکٹ آن لائن درخواست کی پیش رفت ہے اور:

- ہمیں ہر طالب علم کے لئے شخصی طریقہ کار بنانے، بشمول دلچسپی، جغرافیہ اور دیگر عوامل کی بناء پر سفارش کردہ اختیارات کا مکمل مجموعہ تیار کرنے میں مدد دے گا؛
- جائزہ لینے والی معلومات کی مقدار کو کم کر کے خاندانوں کے لئے وقت کی بچت کرنا؛
- "ون سٹاپ شاپنگ" کی اجازت دینا، بشمول متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان اور چھان بین والے اور آڈیشن والوں اسکولوں کے لئے اندراج؛
- مڈل اور ہائی اسکول کے عملے کے ارکان پر ڈیٹا درج کرنے کے بوجھ کو کم کرنا، اور یہ وقت طلباء و طالبات کو رہنمائی فراہم کرنے پر خرچ کرنے کا موقع دینا؛ اور
- آن لائن معاونت تک رسائی پیدا کرنا۔

نظام الاوقات: نیا نظام موسم خزاں 2018 میں شروع ہو گا، خزاں 2019 میں مڈل اور ہائی اسکول میں داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے لئے داخلوں کے طریقہ کار کے لئے۔

b۔ NYC اسکول فائنڈر آلے کو تمام داخلوں کی طریقہ کار میں توسیع دینا

NYC اسکول فائنڈر آلہ (schoolfinder.nyc.gov) خاندانوں کو زیادہ آسانی اور زیادہ جلدی نیو یارک شہر کے ہائی اسکولوں کے بارے میں اور ان تک رسائی کے بارے میں جاننے میں مدد دینے کے لئے تیار کیا گیا تھا۔ یہ متعامل آلہ آن لائن، موبائل پر چلایا جانے والے آلہ ہے اور اس وقت ہسپانوی اور انگریزی میں دستیاب ہے۔ NYC اسکول فائنڈر کے شروع ہونے کے بعد مختصر عرصے میں، 85,000 سے افراد نے اس کو استعمال کیا ہے۔

اس آلے کو بہتر بنانے کے لئے DOE اسکول مشیروں، طلباء و طالبات اور خاندانوں سے فیڈبیک اکٹھا کر رہا ہے تاکہ یہ ہر طالب علم کی ضروریات اور دلچسپیوں کے لئے موزوں ترین پروگراموں کے بارے میں جاننے کے لئے مؤثر وسیلہ ثابت ہو سکے۔ NYC DOE اسکول فائنڈر کے لئے نئی خصوصیات تیار کرنا اور اس میں پری-کے سے مڈل اسکول تک کے پروگرام شامل کرنے کے علاوہ اس کا مزید DOE زبانوں ترجمہ کرنا جاری رکھے گا۔

نظام الاوقات: ہم خزاں 2018 میں داخلوں کے طریقہ کار کے لئے داخلوں کے شروع تک ایک بہتر بنایا گیا اسکول فائنڈر تیار کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔

c۔ اسکول دوروں، اوپن ہاؤسز اور اسکول پر مبنی تشخیصوں اور آڈیشنوں کے لئے اندراج کو بہتر بنانے کے لئے اسکولوں کے ساتھ مل کر کام کرنا

جبکہ DOE محدودو بغیر چھان بین والے داخلوں کے طریقے کو ختم کرنے اور چھان بین والے اسکولوں تک رسائی کو توسیع دینے کا کام کرتا ہے، ہم اسکول دوروں اور اوپن ہاؤسز کے علاوہ اسکول پر مبنی تشخیصوں، انٹرویو اور آڈیشنوں کے لئے سائن اپ کرنے اور ان میں حاضر ہونے کے کچھ دباؤ اور پریشانی کو کم کرنے میں مدد دیں گے۔ اس میں کئی حکمتِ عملیاں شامل ہوں گی، جیسا کہ:

- ساتویں گریڈ کے خاندانوں کے لیے جو خزاں میں ہائی اسکول داخلوں میں شرکت کریں گے موسمِ بہار میں اچھی طرح تشہیر کردہ اوپن ہاؤسز؛
- پوری عمارت میں اوپن ہاؤسز منعقد کرنا، تاکہ خاندانوں کو ایک جگہ واقع اسکولوں کے لئے بار بار نہ آنا پڑے؛
- موسمِ خزاں کے اوپن ہاؤسز اور دوروں کو اس طرح تیار کرنا کہ ان میں حاضرین کی زیادہ سے زیادہ تعداد آ سکے۔ ہم گزشتہ سال کی درخواستوں کی تعداد استعمال کرتے ہوئے اس تعداد کا تخمینہ لگائیں گے؛
- ٹیلی فون کے "دفتری اوقات" بنانا تاکہ خاندانوں اور طلباء معلومات کے لئے اسکول میں کال کر سکیں؛
- وسط ستمبر سے درخواست دینے کی آخری تاریخوں تک کم از کم ہر ہفتے میں دو دن اور کم از کم دو ویک اینڈ ایام میں موسمِ خزاں کے اوپن ہاؤسز اور دورے منعقد کرنا
- ایسے خاندانوں کے لئے نئے حل تلاش کرنے کے لئے اسکول کے ساتھ مل کر کام کرنا جو بذات خود تشریف نہیں لا سکتے (یعنی اسکول کے ورچوئل دورے تیار کرنا)؛
- چھان بین والے پروگراموں کے لئے ایک مشترکہ رجسٹریشن طریقہ کار نافذ کرنا جن کو انٹرویو یا اضافی تشخیص کی ضرورت ہوتی ہے؛ اور
- مرکزی پورٹل کو بہتر بنانا جہاں خاندان تمام اوپن ہاؤسز کے لئے معلومات تک رسائی حاصل کر سکیں۔

جبکہ یہ بہتریاں تمام طلباء و طالبات اور خاندانوں کی مدد کریں گی، وہ خاص طور پر ان کے لئے معاون ہوں گی جن کے پاس موجودہ پیچیدہ طریقہ کار کے لئے وقت اور وسائل کی کمی ہوتی ہے۔ مزید

براں، یہ اسکولوں کو ایک زیادہ وسیع گروپ سے قابل طلباء و طالبات کو بھرتی کرنے میں مدد دے گا جو بصورت دیگر اسکول کے بارے میں جاننے کے قابل نہ ہوتے۔

نظام الاوقات: اس موسم گرما سے، DOE اس موسمِ خزاں کو تبدیلیاں نافذ کرنا شروع کرنے کے لئے مہتممین اور اسکول قائدین کو مشغول کرے گا۔ ہم خزاں 2019 میں ہائی اسکول میں داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے لئے داخلوں کے عمل کے لئے ان تبدیلیوں‌کو بروقت مکمل کریں گے۔

4. داخلوں کے رہنماء منصوبوں کے تنوع میں اضافہ کرنا

اس وقت، 21 ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں نے مخصوص طلباء گروہوں کے لئے داخلوں کے اہداف میں تنوع پیدا کیا ہے، جن میں مفت یا کم قیمت پر دوپہر کے کھانے کے اہل طلبا – انگریزی زبان کے متعلمین – اور اسیری سے متاثر ہونے والے خاندانوں کے طلباء و طالبات شامل ہیں۔ ان اسکولوں میں سے کئی نے بہترین تنوع کے منصوبے بھی تیار کر رکھے ہیں جن کی بنیاد Progressive Redesign Opportunity Schools for Excellence (PROSE) پروگرام کے ذریعے اپنے داخلوں کے پروگراموں میں تبدیلیاں ہیں۔

DOE 2017-18 داخلوں کی گردش میں عملدرآمد کے لئے درخواستیں قبول کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ مستقبل کی گردشوں میں، DOE کنٹریکٹ پر پری-کے فراہم کنندگان (نیو یارک شہر ابتدائی تعلیمی مراکز یا NYCEECs) کو مشغول کرے گا اور مڈل اسکولوں کو اپنے داخلے پورے برو کے لئے بنانے کی تجویز دینے کی اجازت دے گا۔ جبکہ اسکول پائلٹ پروگرام میں متعدد سال مکمل کرتے ہیں، DOE حاصل کردہ تجربات کی نشاندہی کرنے کے لئے پائلٹ اسکولوں کے ساتھ کام کرے گا، جس میں پائلٹ کے اہداف کو پورا کرنے کو یقینی بنانے کے لئے درکار معاونت شامل ہے اور ہم اس کے مطابق پیش قدمی کو بہتر بنائیں گے۔

نظام الاوقات: داخلوں کے درخواست کے طریقہ کار میں تنوع کے بارے میں مہتممین، پرنسپلوں اور اسکول کمیونٹیوں کے لئے اضافی وسائل موسمِ بہار میں شروع ہوں گے۔ موسمِ خزاں 2018 میں داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے لئے منظورشدہ اسکولوں کے اگلے سیٹ کا اعلان بروقت کیا جائے گا۔ ہم خزاں 2018 میں ہائی اسکول میں داخل ہونے والے طلباء و طالبات کے لئے داخلوں کے عمل کے لئے NYCEECs تک توسیع کریں گے۔

5. عارضی رہائش میں طلباء و طالبات کے پائلٹ کی کوششوں کا تجزیہ کرنا اور ایک نظرثانی منصوبے کی تجویز دینا

اس اسکول سال میں، DOE نے STH اور انکے خاندانوں کے لئے پری-کے سے 12 کے داخلوں کے طریقہ کار تک رسائی کو بڑھانے کے لئے ایک جامع حکمت عملی تیار کرنے اور نافذ کرنے کے لئے محکمہ بے گھر خدمات اور انسانی وسائل انصرام کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔

یہ داخلے گزشتہ سال پائلٹ کردہ معاونتیں – بشمول تربیت برائے 300 سے زائد پناہ گاہوں میں قائم عملہ' پناہ گاہوں میں ورکشاپیں' پناہ گاہ "عمل کے ایام" خاندانوں کو درخواستیں مکمل کرنے میں معاونت ؛ ٹیکسٹ پیغامات مہمیں؛ ان کی پناہ میں امتحان کے لئے خاندانوں کو قابل اور ہنرمند درخواست مکمل کرنے کی سہولت دینا؛ اور معلوماتی نشستوں اور میلوں کے لئے براہ راست دعوت، آمدورفت اور انفرادی مشاورت – نے حوصلہ افزاء نتائج ظاہر کیے ہیں۔

اس سال پری-کے میں درخواست دینے والے پناہ گاہ والے اہل طلباء و طالبات کی تعداد میں گزشتہ سال 38 فیصد سے 47 فیصد تک اضافہ ہوا؛ پناہ گاہ میں 41 فیصد نے کنڈرگارٹن کے درخواست دی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 36 فیصد ہے؛ اور پناہ میں 32 فیصد طلباء نے اپنی ہائی اسکول درخواست میں 12 تک انتخابات درج کیے – جو گزشتہ سال 27 فیصد تھی اور شہر بھر کی اوسط سے زیادہ تھی۔

نظام الاوقات: ہم نے اس پائلٹ کے پہلے سال کے کوائف کا جائزہ لینا شروع کر دیا ہے اور موسمِ گرما 2017 کے دوران نظرثانی شدہ منصوبہ پیش کریں گے۔

6. متخصص ہائی اسکولوں کی تنوع کی پیش قدمیوں کا جائزہ لینا اور ان میں توسیع کرنا

2014 اور 2015 میں، متخصص ہائی اسکولوں کی محض 5 فیصد پیشکشیں سیاہ فام طلباء و طالبات کو گئیں اور 7 فیصد ہسپانوی طلباء و طالبات کو – اگرچہ یہ دونوں گروہ شہر کے آٹھویں گریڈ کے طلباء کا 70 فیصد ہیں۔

اس کے جواب میں، تدریسی سال 17-2016 میں DOE نے متخصص ہائی اسکولوں میں روایتی طور پر کم نمائندگی والے طلباء و طالبات کی درخواست، قبولیت اور داخلے کو بہتر بنانے کے لئے ایک چھ نکاتی منصوبہ نافذ کیا۔

اس موسمِ بہار اور موسمِ گرما میں، ابتدائی مثبت نتائج کی بناء پر ہم ان میں سے کئی پیش قدمیوں میں توسیع کر رہے ہیں:

- SHSAT تدریسی دن کی وجہ سے، کوئی بھی پروگرام جس میں ہم نے 7 مڈل اسکولوں میں تدریسی دن کے دوران متخصص ہائی اسکول داخلہ ٹیسٹ (SHSAT) پیش کیا، ان مقامات میں امتحان دینے والے طلباء و طالبات کی تعداد میں 50 فیصد اضافہ ہوا۔ اس موسمِ خزاں کو، ہم SHSAT تدریسی دن کو 15 مڈل اسکولوں تک توسیع دیں گے۔
- DREAM پروگرام – جو ایک مفت بعد از اسکول پروگرام ہے جو طلباء و طالبات کو SHSAT کے لئے تیار کرتا ہے اور جس میں ہم نے موسمِ گرما 2016 میں توسیع کی – کے شرکاء 6 فیصد سیاہ فام اور ہسپانوی ممتحن شامل تھے، لیکن SHSAT کی 26 فیصد پیشکشیں سیاہ فام اور ہسپانوی ممتحنوں کو گئیں۔ ہم نے DREAM ماڈل استعمال کرتے ہوئے اس موسمِ بہار میں 30 بعد از اسکول پروگراموں کا اضافہ کیا ہے۔
- موسمِ گرما 2017 سے، DOE ڈسکوری پروگرام کا بھی نفاذ کرے گا – جو اعلی ضروریات والے طلباء و طالبات جنھوں نے SHSAT میں اس اسکول – Bronx High School of Science سمیت 7 متخصص ہائی اسکول – میں داخلے کے لئے درکار کم از کم نمبروں سے کم سطح کے اندر نمبر حاصل کیے ہیں کے لئے موسم گرما کا پروگرام ہے۔ گزشتہ سال، ہم نے Brooklyn Technical High School میں پروگرام کو توسیع دی اور High School of American Studies at Lehman College میں ایک نئے پروگرام کا اضافہ کیا۔ ہم موسمِ گرما 2018 میں Stuyvesant High school میں ڈسکوری پروگرام نافذ کرنے کے لئے اسکول کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے۔ ان اسکولوں میں ڈسکوری پروگرام کا نفاذ طلباء و طالبات کے ایک وسیع سلسلے کے لئے متخصص ہائی اسکولوں میں داخل ہونے کے مواقع میں اضافہ کرے گا۔

نظام الاوقات: یہ توسیعات موسمِ بہار 2017 میں شروع ہوئیں اور آئندہ سالوں کے دوران جاری رہیں گی۔

7. نئے، اعلی معیار کے اسکول اور پروگرام شروع کرتے وقت تنوع کا منصوبہ

DOE نئے پروگرام تیار کرے گا – اور جہاں ممکن ہوا نئے اسکول – جو ناکافی استعمال ہونے والی جگہ میں متنوع کمرہ ہائے جماعت کو فروغ دینے کے کام کریں گے۔ اسکول تنوع مشاورتی گروپ اور کمیونٹیوں کی رائے اور معاونت کے ساتھ، ہم ارادی طور پر متنوع اسکول کمیونٹیاں تعمیر اور قائم کریں گے، ان کی ضروریات کو سمجھنے کے لئے مقامی شراکت داروں کے ساتھ مشغول رہ کر، نئے بغیر چھان بین والے اسکول کھول کر اور متخصص پروگراموں میں اکٹھا پڑھنے کے لئے مختلف اسکولوں سے طلباء و طالبات کے لئے مواقع پیدا کر کے – خاص طور پر ان اسکولوں میں جو ایک کیمپس اکٹھا استعمال کرتے ہیں۔

ان میں دو لسانی پروگرام شامل ہو سکتے ہیں – ان 88 پروگراموں کے علاوہ جن کو اس انتظامیہ نے ستمبر 2014 سے کھول رکھا ہے، مختلف زبانیں بولنے والے طلباء و طالبات کو ایک کمرہ جماعت میں اکٹھا کرنے کے لئے۔ ان میں فنون، STEAM، STEM یا کیریئر/ تکنیکی پروگرام شامل ہو سکتے ہیں۔ ایک جگہ واقع اسکول پورے کیمپس سے طلباء و طالبات کے لئے پروگرام شروع کر سکتے ہیں یا قریب قریب واقع متعدد اسکول ایک مرکزی مقام سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نظام الاوقات: ہم اگلے تین سالوں میں 15 نئے اسکول یا پروگرام کھولنے کا ارادہ رکھتے ہیں جن کے 2018 میں کھلنے والے اسکولوں اور پروگراموں کے ساتھ متنوع آبادیوں کو خدمت فراہم کرنے کے مخصوص منصوبے ہوں۔

8. تنوع کو یقینی بنانا اسکول کی دوبارہ زون بندی اور دوبارہ زون بندی کو بہتر بنانے میں ایک عوامل ہے تاکہ کمیونٹیوں کے ساتھ مشغولیت کو گہرا کیا جا سکے۔

زیادہ بھیڑ میں کمی کرنے کے لئے، گزشتہ دو تدریسی سالوں میں DOE نے تجویز دی اور کمیونٹی تعلیمی کونسلوں نے 2014 کے بعد 18 دوبارہ زون بندیوں کی منظوری دی ہے، جن میں ایک ضلع 3 اور ایک ضلع 13 میں شامل ہے جہاں تنوع مکالمے کا ایک اہم حصہ تھا۔ ان کوششوں کے حصے کے طور پر، DOE نے متاثرہ اسکولوں کے موجودہ تنوع کو زیرغور لایا۔

جہاں ممکن ہوا، رہائشی انداز اور سفر کی مجبوریوں کی وجہ سے، دوبارہ زون بندی کے عمل کے دوران DOE مساوی اور متنوع اسکول زون بنانے کو ترجیح دے گا۔ ہم اپنی تمام دوبارہ زون بندیوں کے لئے اور بھی زیادہ مشمولہ، شراکتی منصوبہ بندی کے طریقہ کار لانے کی کوشش کریں گے۔

نظام الاوقات: اسکول تنوع کو ترجیح دینے کے لئے اور کمیونٹی ارکان کو مزید مشغول بنانے کے لئے اسکول تنوع مشاورتی گروپ مستقبل کی تجاویز میں استعمال کرنے کی روایات کے بارے میں سفارشات دے گا۔

9. تنوع کو فروغ دینے کے لئے ٹارگٹ فنڈنگ، بشمول میگنٹ گرانٹ فنڈنگ

DOE کا میگنٹ اسکول قائم کرنے اور برقرار رکھنے کا ریکارڈ ہے۔ میگنٹ اسکول مختلف پس منظر سے طلباء و طالبات کی نمایاں تعداد کو راغب کرنے کے لئے امتیازی پروگراموں اور شراکت داریوں کا ایک وسیع سلسلہ پیش کرتے ہیں۔ DOE کوینز اور بروکلین اضلاع میں

19 اسکولوں کے لئے چار نئی میگنٹ گرانٹوں پر عملدرآمد کر رہا ہے جو اکتوبر 2016 میں وصول ہوئیں۔ وفاقی میگنٹ اسکول معاونت پروگرام برائے 2015-16 کے تحت، DOE کو اضلاع 13، 15 اور 28 میں ساتھ میگنٹ ایلیمنٹری اسکولوں کو برقرار رکھنے کے لئے اضافی فنڈ بھی دیے گئے۔ آگے کی جانب بڑھتے ہوئے، DOE اس بات کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے کہ میگنٹ گرانٹیں ان اسکولوں کو جاتی ہیں جو زیادہ متنوع اسکول کمیونٹی بنانے کے لئے حکمت عملی استعمال کریں گے۔

نظام الاوقات: یقینی بنانے کے لئے کہ افزودہ تنوع کے حوالے سے اہداف پورے ہوتے ہیں منصوبوں پر نظرثانی کرنے اور معاونتوں کی نشاندہی کرنے کے لئے مرکزی سپرٹنڈنٹ DOE کی معاونت کے ساتھ موسمِ گرما 2017 کے دوران ان 19 اسکولوں کے ساتھ ملاقات کریں گے۔

10. اسکول نظم و ضبط اصلاحات کو جاری رکھ کر اور ان میں توسیع لا کر تمام طلباء و طالبات کے لئے خیرمقدمی اسکول ماحول فروغ دینا

DOE نے تمام طلباء و طالبات کو کامیابی کے راستے پر منصفانہ اور محفوظ طور پر ڈالنے کے عزم کی بنیاد پر اسکول کے ماحول اور اسکول حفاظتی اصلاحات نافذ کی ہیں۔ اسکول کے ماحول میں تبدیلیاں ان عدم مساوات کا تدارک کرنے کی کوشش کرتی ہیں جنہوں نے سیاہ فام اور خصوصی تعلیم والے طلباء و طالبات کو منفی طور پر متاثر کیا ہے اور کا معطل کیے جانے کا امکان اپنے ساتھیوں کے مقابلے میں چار گنا زیادہ ہوتا ہے۔ یہ کام خاص طور پر اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اہم ہے کہ اوپر بیان کردہ داخلہ کی تبدیلیوں کی بنیاد پر اسکول کے ماحول تمام طلباء و طالبات کے لئے مشمولی اور خیرمقدمی ہوتے ہیں۔

اس حکمت عملی کا ایک حصہ طلباء و طالبات، اساتذہ اور اسکول قائدین کو واقعات سے نمٹنے کے لئے ذرائع کا نیا سیٹ دینے کے لئے اپنے اسکولوں میں بحالی انصاف کی حکمت عملیوں کو نافذ کرنا ہے۔ اب تک، 400 سے زائد اسکولوں نے بحالی انصاف کی حکمت عملیاں نافذ کی ہیں اور 2,453 عملے کے ارکان کو تربیت دی گئی ہے۔

نظام الاوقات: ہم تربیتوں کی تعداد میں توسیع کر رہے ہیں اور ہم نے انتہائی ضرورتوں کے اسکولوں میں مہارت رکھنے والے مزید بحالی انصاف کے کورڈینیٹر بھرتی کیے ہیں۔

11. STEM اور کٹھن کورسز میں کم نمائندگی والی طلباء و طالبات کی شرکت میں اضافہ کرنا

قومی اور مقامی کوائف ظاہر کرتے ہیں کہ انفرادی اسکولوں کے اندر بھی، معذوریوں کے حامل طلباء و طالبات، سیاہ فام اور ہسپانوی طلباء و طالبات، کم آمدنی والے طلباء و طالبات، انگریزی زبان کے متعلمین اور لڑکیوں کی سائنس اور انجینئرنگ کورسز کے علاوہ کالج سطح اور کٹھن کورس ورک میں کم نمائندگی ہوتی ہے۔

سب کے لئے AP کی پیش قدمی کے حصے کے طور پر، DOE نے قومی Lead Higher پیش قدمی کے حصے کے طور پر خاص طور پر AP شرکت میں اضافہ کرنے اور 24 ہائی اسکولوں میں غیر سفید فام اور کم آمدنی والے طلباء و طالبات جو AP کورسز میں اندراج شدہ نہیں کی کامیابی کے لئے Equal Opportunity Schools کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ سال بھر کے سب کے لئے کمپیوٹر سائنس پروگرام میں شرکت کرنے والے 98 ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں سے تقاضا کیا گیا ہے کہ اپنی درخواست کے حصے کے طور پر اپنے کورسز میں لڑکیوں اور سیاہ فام اور ہسپانوی طلباء و طالبات کو شامل کریں۔

اس موسمِ خزاں میں 24 Lead Higher اسکول AP کورسز میں اضافی 1,400 غیر سفید فام اور کم آمدنی والے طلباء و طالبات کو داخل کریں گے۔ سب کے لئے AP ٹیم 7 اضافی اسکولوں کے ساتھ موسمِ خزاں 2019 تک AP کورسز میں کم نمائندگی والے طلباء و طالبات داخل کرنے کے لئے وہ ہی حکمتِ عملیاں استعمال کرے گی اور Lead Higher اسکولوں سے تحقیقی تجربات اور حکمتِ عملیوں کا مجموعہ بھی تیار کرے گی جو دوسرے ہائی اسکولوں کے ساتھ شیئر اور ان تک وسیع کیا جا سکے۔ جبکہ ہم سب کے لئے کمپیوٹر سائنس کو توسیع دیتے ہیں، مزید اسکول کم نمائندگی والے طلباء و طالبات کی رسائی میں اضافہ کرنے کے لئے مخصوص منصوبے اپنائیں گے۔

نظام الاوقات: اس موسمِ خزاں سے، 50 سے زائد اضافی ہائی اسکول بشمول 24 Lead Higher اسکول – سب کے لئے AP اور سب کے لئے کمپیوٹر سائنس کے ذریعے کم نمائندگی والے طلباء و طالبات کی STEM اور کالج سطح کے کورس ورک تک رسائی میں مدد دیں گے۔ مزید اسکول یہ کام 2025 تک جاری رکھیں گے۔

12. سب کے لئے مساوات اور امتیاز کا ایجنڈا

اسکول اور کمرہ جماعت کا تنوع اور اسکول کا معیار لازم ملزوم ہیں۔ جبکہ ہم اسکول تنوع مشاورتی گروپ اور اضلاع کے ساتھ شراکت داری کے علاوہ درج بالا 12 تجاویز کے ذریعے تنوع میں اضافہ کرنے کے لئے اقدامات کرتے ہیں، یہ ضروری ہے کہ ہم ہر محلے میں ہر اسکول کو بہتر بنائیں اور تمام طلباء و طالبات کے لئے اعلی معیار کے اختیارات یقینی بنائیں۔ یہ تنوع کا منصوبہ ہمارے سب کے لئے مساوات اور امتیاز کے ایجنڈے کا حصہ ہے اور یہ اس ایجنڈے کے دیگر اجزاء کے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتا۔

سب کے لئے AP اور سب کے لئے کمپیوٹر سائنس کے ذریعے تنوع پیدا کرنے کی مخصوص کوششوں کے ساتھ ساتھ، ستمبر 2015 میں میئر ڈی بلاسیو اور چانسلر فارینا کی جانب سے اعلان کردہ سب کے لئے مساوات اور امتیاز کا وسیع تر ایجنڈا – طالب علم کی کامیابی کے لئے ابتدائی بنیاد بنانے، ہر اسکول تک کٹھن کورس ورک کو توسیع دینے اور تمام طلباء و طالبات کے لئے زیادہ سماجی اور جذباتی معاونتیں، کالج آگاہی اور منصوبہ بندی کی معاونتیں فراہم کرنے کے لئے کام کرتا ہے۔

نظام الاوقات: اس ایجنڈے کے ذریعے، 2026 تک 80٪ طلباء و طالبات وقت پر ہائی اسکول سے فارغ التحصیل ہوں گے اور کم از کم دو تہائی فارغ التحصیل طلباء کالج کے لئے مستعد ہوں گے۔

4 مطلع کرنا

موسمِ خزاں 2017 میں، DOE ایک نیا ویب صفحہ شروع کر رہا ہے جو ہماری تنوع پیدا کرنے کی کوششوں سے متعلق معلومات اور وسائل شیئر کرے گا۔

اس ویب سائٹ:

- میں آئندہ کے DOE تنوع پیدا کرنے پر مرتکز اقدامات کے بارے میں تفصیلات شامل ہوں گی
- ایک ایسا وسیلہ ہو گا جہاں خاندان، تعلیم دان اور اسکول کمیونٹیوں کے دیگر ارکان متنوع اسکولوں اور کمرہ ہائے جماعت کے فوائد کے بارے میں تازہ ترین تحقیق کے خلاصے اور لنک، نیو یارک شہر کے اسکولوں میں تنوع سے متعلق کوائف اور یہاں اور دوسرے شہروں میں تنوع کو فروغ دینے کے لئے استعمال کی جانے والی روایات کے بارے میں معلومات ڈھونڈ سکتے ہیں۔

- اس میں اسکول تنوع مشاورتی گروپ اور اوپر بیان کردہ کمیونٹی اسکول ضلع کے طریقہ کار کے بارے میں تازہ ترین معلومات بشمول شرکت کے لئے مواقع شامل ہوں گے۔

ان وسائل کا تمام DOE زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا، تاکہ خاندان اپنی بولی جانے والی زبان سے قطع نظر ان تک رسائی حاصل کر سکے۔ زیادہ وسیع تناظر میں، DOE اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کام کر رہا ہے کہ تمام ویب وسائل تمام خاندانوں کے لئے قابل رسائی ہوں، بشمول معذوریوں کے حامل اور بصری معذوریوں والے افراد کے لئے۔

ہماری توقع ہے کہ یہ وسائل بہتر اشتراک عمل کو فروغ دیں گے اور زیادہ متنوع اسکولوں کی جانب زیادہ بارآور اقدام کا ذریعہ بنیں گے۔

نتیجہ

اوپر بیان کردہ منصوبے اور حکمتِ عملیاں متنوع کمرہ ہائے جماعت تیار کرنے اور برقرار رکھنے میں کمیونٹی اور ممتاز محققین اور پیشہ ور ماہرین کے ساتھ کام کرنے کی ہماری شہر بھر کی حکمت عملی کو ظاہر کرتی ہے۔

یہ منصوبہ محض پہلا قدم ہے۔ یہ مسائل اور مباحثے ہمارے اسکول کے نظام میں انتہائی مشکل امور میں سے ہیں، لیکن سب کے لئے مساوات اور امتیاز لانے میں سب سے زیادہ مضبوط تصورات پیدا کرتے ہیں۔ آپ ہمارے ویب سائٹ schools.nyc.gov/diversity یا درج ذیل پر ای میل کر کے diversity@schools.nyc.gov جان سکتے ہیں کہ اس میں کیسے شامل ہوا جائے۔